www.understandquran.com

سبق-2 : اللہ کے نام سے شروعات

اس سبق کے اختتام پر آپ جان لیں گے کہ :

- اللہ کی رحمت کس طرح حاصل کی جائے؟
- کسی بھی کام کو شروع کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟
- اس سبق میں اللہ کی کن دو اہم صفات کا ذکر ہے؟

ان شاءاللہ اب ہم سورۂ فاتحہ سیکھیں گے۔ پہلے ہم اللہ کے نام سے شروع کرتے ہیں۔

قرآن مجید میں 114 سورتیں ہیں۔ سورۂ فاتحہ سب سے پہلی سورت ہے اس لیے اس کو ''فاتحہ'' کہتے ہیں۔ فاتحہ یعنی کھولنے والی۔

تلاوت و تشریح : تجوید اور احساس کے ساتھ پڑھیے جیسا کہ حضرت محمد ﷺ پڑھا کرتے تھے!

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ (1)
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے۔
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔			

- **بِسْمِ اللّٰهِ:** جس طرح ہر شخص اور ہر چیز کا کچھ نہ کچھ نام ہوتا ہے، اسی طرح ہمارے معبود کا ذاتی نام ''اللہ'' ہے۔
- **اَلرَّحْمٰن:** اللہ بہت مہربان ہے۔ اَلرَّحْمٰن ہمیں اپنے والدین، بھائی بہن اور دوسرے تمام لوگوں سے زیادہ محبت کرتا ہے۔ اللہ کی یہ صفت بتاتی ہے کہ اللہ کی مدد بہت بڑی اور پھیلی ہوئی ہے۔
- **اَلرَّحِيْم:** اللہ نہایت رحم کرنے والا ہے۔ اللہ کی اس صفت سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد مسلسل جاری رہتی ہے، ایسا نہیں کہ اس کی مدد ہمارے ساتھ کچھ وقت کے لیے ہوا کرتی ہے۔

قصہ : ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ بیٹھے ہوئے تھے اور ایک شخص کھانا کھا رہا تھا، اس نے کھانے سے پہلے بسم اللہ نہیں کہا تھا۔ جب اس نے آخری لقمہ اٹھایا تو ''بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ'' کہا، اسے دیکھ کر رسول اللہ ﷺ مسکرانے لگے اور فرمایا کہ شیطان مسلسل ان کے ساتھ کھا رہا تھا، لیکن جب اس نے اللہ کا نام لیا (یعنی بسم اللہ کہا) تو شیطان نے قے کر دی۔ (یعنی شیطان کا پیٹ خالی ہو گیا اور وہ بھوکا ہی رہ گیا)۔ (ابو داؤد)

حدیث : نبی ﷺ نے فرمایا: جو بھی کام اللہ کے نام سے شروع نہیں کیا جاتا وہ ناقص اور ادھورا رہتا ہے۔ (مسند احمد)

www.understnadquran.com

غور و فکر۔ مطالعہ، تصوّر اور احساس :

- تصور کیجیے کہ آپ کے ساتھ کچھ غلط ہوا اور آپ نے غصہ کرنے یا ناراض ہونے کے بجائے "بِسْمِ اللّٰہِ" کہا، جس کی وجہ سے شیطان بہت شرمندہ ہوا اور مکھی کے جیسا چھوٹا اور حقیر بن گیا۔
- اطمینان رکھیں کہ اگر آپ کو کسی بھی چھوٹے یا بڑے کام میں مدد کی ضرورت پڑے تو یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ "رَحْمٰن" اور "رَحِیْم" ہے۔
- اللہ کا یہ پیغام دوسروں تک پہنچاتے ہوئے ایک خوشی محسوس کیجیے۔

نصیحت لینا۔ دعا، احتساب اور پلان :

- پانچ ایسے کام سوچیے جن میں آپ "بِسْمِ اللّٰہِ" کہہ کر اللہ کی مدد حاصل کرتے ہیں۔
- اللہ "رَحْمٰن" اور "رَحِیْم" ہے اور رحم کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ" کہ جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔ (بخاری)
- اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم سب پر رحم کریں یعنی سب کی خوشی اور آرام کا جتنا ہو سکے خیال رکھیں، تاکہ اللہ بھی ہم پر رحم کرے۔

عادت : ان شاء اللہ میں اپنا ہر کام "بِسْمِ اللّٰہِ" سے شروع کروں گا۔

مشقی سوالات

1. کسی بھی کام کو شروع کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟
2. اس سبق میں اللہ تعالیٰ کی کون سی دو اہم صفات بیان کی گئی ہیں؟
3. اللہ تعالیٰ کی مدد اور رحمت کیسے حاصل کی جائے؟
4. اللہ کی رحمت اور مدد سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
5. روزانہ کے ایسے دس کاموں کی لسٹ بنائیں جن کے شروع کرنے سے پہلے آپ کو "بِسْمِ اللّٰہِ" کہنا چاہیے؟